بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 28 رمضان، 1438ھ | 23/06/2017 | نمبر: PN17048

خلافت کے لیے اجتماعات:

نبوت کے طریقے پر خلافت کا قیام فرض ہے

پاکستان کے اہم شہروں میں حزب التحریر ولایہ پاکستان نے بھرپور رابطہ مہم چلائی جس میں لوگوں کو افطار کی دعوت پر مدعو کرنا بھی شامل تھا۔ حزب التحریر کے شباب نے مسلمانوں سے کہا کہ وہ حزب التحریر کی جدوجہد کا حصہ بن جائیں کیونکہ وہ خلافت کے قیام کے لیے کام کر رہی ہے جس کا قیام اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے فرض قرار دیا ہے۔

پاکستان کے مسلمانوں کو حزب التحریر ولایہ پاکستان نے اس بات کی یاددہانی کرائی کہ اسلام نے خلافت کے قیام کو فرض قرار دیا ہے جو کہ اسلام کا نظام حکمرانی ہے اور جس کے ذریعے اسلام مکمل اور جامع طور پر نافذ کیا جاتا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مسلمانوں کو براہ راست اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ اسلام کے ذریعے حکمرانی کریں اور اسلام کے علاوہ کسی بھی دوسرے قانون کے تحت حکمرانی نہ کریں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكَ

"اور یہ کہ (آپ ﷺ) ان کے درمیان اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ (احکامات) کے مطابق فیصلہ کریں اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے محتاط رہیں کہ کہیں یہ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ بعض (احکامات) کے بارے میں آپ ﷺ کو فتنے میں نہ ڈال دیں" (المائدہ:49)۔

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

"اور جو اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ احکامات کے ذریعے فیصلہ نہ کرے تو ایسے لوگ ہی فاسق ہیں" (المائدہ:47)۔

صرف ریاست خلافت کے ذریعے ہی اسلام کی حکمرانی قائم اور مسلمانوں کے امور کی دیکھ بھال ہوتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الْأَنْبِيَاءُ كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَتَكُونُ خُلَفَاءُ تَكْثُرُ قَالُوا فَمَا تَأْمُرُنَا قَالَ فُوا بِبَيْعَةِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ

"بنی اسرائیل کی سیاست انبیاء کرتے تھے۔ جب کوئی نبی وفات پاتا تو دوسرا نبی اس کی جگہ لے لیتا، جبکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے بلکہ کثرت سے خلفاء ہوں گے۔ صحابہ نے پوچھا: آپ ﷺ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم ایک کے بعد دوسرے کی بیعت کو پورا کرو اور انہیں ان کا حق ادا کرو۔۔۔" (مسلم)۔

اور رسول اللہ ﷺ نے خلیفہ کی غیر موجودگی میں موت کو جاہلیت کی موت قرار دیا، آپ ﷺ نے فرمایا:

وَمَنْ مَاتَ وَلَيْسَ فِي عُنُقِهِ بَيْعَةٌ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

"اور جو کوئی اس حال میں مرا کہ اس کی گردن میں (خلیفہ کی) بیعت (کا طوق) نہ ہو تو وہ جاہلیت کی موت مرا" (مسلم)۔

سلف صالحین کے دور کے علماء نے یہ کہا ہے حدیث میں جس بیعت کا ذکر کیا گیا وہ اسلام کی حکمرانی پر خلیفہ کی بیعت ہے۔ اور راشد علماء نے کہا ہے کہ شریعت نے اس کی بہت اہمیت بیان کی ہے، اس کو فرض قرار دیا ہے، اور اس لیے انہوں نے اسے فرائض کا تاج قرار دیا ہے۔ حزب التحریر ولایہ پاکستان مسلمانوں کو اس بات کی دعوت دیتی ہے کہ وہ نبوت کے طریقے پر خلافت کی بحالی کے لیے اس کی جدوجہد میں شامل ہو جائیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رضا حاصل کریں اور اس کے غضب اور سزا سے خود کو محفوظ کر لیں۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK